سوال

(168) قبر کی زیارت کو کس طرح جانا چاہیے اور پھول چادر وغیرہ

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

قبر کی زیارت کو کس طرح جانا چاہیے اور پھول چادر وغیرہ باجہ بجا کر لے جانا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قبر کی زیارت کو اس طرح جانا چاہیے کہ نیت ہو کہ وہاں جا کر موت یاد کر کے عبرت حاصل کریں۔ چادریں چڑھانا، باجہ بجانا یہ سب خرافات ہیں۔ اصل فرض کے بالکل مخالف، عورتوں کا قبروں میں جانا حدیث شریف میں منع آیا ہے۔ واللہ اعلم۔ (فتاویٰ ثنائیہ جلد اول ص ۵۵۰)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 05 ص 282

محدث فتویٰ